20094 ـ امریکن یونیورسٹی کی تقریب تقسم اسناد میں شرکت کرنا

سوال

امریکن یونیورسٹی کی تقریب تقسیم اسناد میں شرکت کرنے کا حکم کیا ہے، میں پی ایچ ڈی کا طالب علم ہوں، اور اس سمیسٹر میں فارغ ہو جاؤنگا، اس تقریب میں شرکت کرنا میرے اختیار پر منحصر ہے، لیکن ڈاکٹریٹ کے سٹوڈنٹ اور مشرف کے لیے اس تقریب میں شرکت کرنا اہم ہے، اس تقریب میں شرکت کرنے والے طلباء کے لیے اور تقریب کے لیے مخصوص جبہ اور ٹوپی پہننا ضروری ہے، مجھے اس قسم کے لباس کے متعلق تاریخ معلومات نہیں ہیں.

پسندیدہ جواب

الحمد لله.

جب شرکت اختیاری ہے تو پھر آپ اس میں شريك مت ہوں؛ تا كہ اس مخصوص لباس كے پہننے میں كفار كى مشابہت سے بچ سكیں، اور اسی طرح اس تقريب میں جو برائياں اور خرابیاں ہونگى ان سے بھی بچ سكینگے.

اور پھر نبی كريم صلی اللہ عليہ وسلم كا فرمان بھی ہے:

ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما بيان كرتے ہيں كہ رسول كريم صلی اللہ عليہ وسلم نے فرمايا:

" جس نے بھی كسى قوم سے مشابہت اختيار كى تو وہ انہيں ميں سے ہے "

سنن ابو داود حديث نمبر (4031) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحيح ابو داود ميں اسے صحيح قرار ديا ہے..

واللہ اعلم .